خلاصہ بحث :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے تحدید مسافت میں کوئی نص صریح وارد نہیں البتہ صحابہ کرام میں بعض سے تحدید آئی ہے حتی کہ امام ابن عباس مکہ والوں کو عرفہ میں قصر پڑھنے سے روکتے تھے جبکہ دوسرے بعض فقہاء کے نزدیک مکہ والوں کا عرفہ میں قصر پڑھنا صرف مناسک حج کی وجہ سے تھا۔ اسی لئے بعض فقہاء نے چار برید کو شرعی تحدید ٹھہرایا۔

بہر حال مسافر خود سوچیں کہ اس کا سفر کس حد تک ہے۔ کیا وہ مسافر کہلانے کے قابل ہو چکا ہے یا نہیں ؟ اگر وہ اپنے آپ کو مسافر سمجھیں اور مسافر کی علامات سے وابستہ ہوں تو وہ قصر پڑھیں اگرچہ مسافت اڑتالیس میل سے کم ہو۔

☆ ☆ ☆ ☆

# CTBT کی حمایت قومی حمیت کے منافی ہے

اسلام کے دشمنوں اور پاکستان کے مخالفین ہماری دفاعی آزادی سلب کرنے کے لئے اس معاہدہ پر دستخط لینے کی خاطر پیچ و تاب کھا رہے ہیں۔ اور اس مقصد کے لئے ترغیب اور ترہیب کے دونوں راستے اختیار کر رہے ہیں۔

سابقہ حکومت نے بھی اپنے 28 مئی 98ء کے گناہ سے توبہ کرنے کی تمہید کے طور پر سرکاری ذرائع ابلاغ سے خوب پروپیگنڈا کر کے اس کو ملک و قوم کیلئے ''مفید'' یا کم از کم ''بے ضرر'' گرداننے کی حتی الامکان کوشش کی تھی۔ موجودہ فوجی حکمرانوں کا رویہ بھی اپنے پیشرووں سے زیادہ مختلف نہیں لگتا۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے غیور عوام اس معاہدے پر دستخط کے نامسعود لمحات کو تاریک مستقبل کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں۔ اور دعا گو ہیں کہ رب ذوالجلال ہمارے قومی رہنماؤں کو غیرت ملی، جوش ایمانی، عقل و بصیرت اور جذبہ حریت عطا کرے اور قوم کو وہ لمحہ نہ دکھائے۔

تاریخ کی گھڑیوں نے وہ دور بھی دیکھا ہے
لمحوں نے خطا کی تھی، صدیوں نے سزا پائی